www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education
Advanced Subsidiary Level and Advanced Level

**URDU** **9676/04**
**9686/04**

Paper 4 Texts **October/November 2007**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*3839193158*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔
**آپ کے لیے بہتر ہے کہ اپنے ہر جواب کے لیے مساوی وقت استعمال کریں۔**

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

www.PapaCambridge.com

## Section 1

**1** Muntakhab Ghazlein

## ا۔منتخب غزلیں

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے
عاشق سا تو سادہ کوئی اور نہ ہوگا دنیا میں
جی کے زیاں کو عشق میں اس کے اپنا وارا جانے ہے
چارہ گری بیماری دل کی رسم شہر حسن نہیں
ورنہ دلبر ناداں بھی اس درد کا چارا جانے ہے
مہر و وفا و لطف و عنایت ایک سے واقف ان میں نہیں
اور تو سب کچھ طنز و کنایہ رمز و اشارا جانے ہے
عاشق تو مردہ ہے ہمیشہ جی اٹھتا ہے دیکھ اسے
یار کے آجانے کو یکایک عمر دوبارا جانے ہے

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجئے۔

(ii) مندرجہ بالا غزل میں میؔر کی کون کون سی شاعرانہ صفات نمایاں ہیں۔ تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) آتشؔ کی شاعری انسانی جذبات اوراحساسات کا ایک حسین مرقّع ہے۔ اشعار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجئے۔

[25]

**2** Muntakhab Nazmein

## ب نظمیں

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

بہت ہے ظلم کے دستِ بہانہ جو کے لیے
جو چند اہلِ جنوں تیرے نام لیوا ہیں
بنے ہیں اہلِ ہوس مدعی بھی منصف بھی
کسے وکیل کریں کس سے منصفی چاہیں

مگر گزارنے والوں کے دن گزرتے ہیں
ترے فراق میں یوں صبح و شام کرتے ہیں

بجھا جو روزنِ زنداں تو دل یہ سمجھا ہے
کہ تیری مانگ ستاروں سے بھر گئی ہوگی
چمک اٹھے ہیں سلاسل تو ہم نے جانا ہے
کہ اب سحر ترے رُخ پر بکھر گئی ہوگی

غرض تصّور شام و سحر میں جیتے ہیں
گرفتِ سایۂ دیوار و در میں جیتے ہیں

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کیجیے۔

(ii) صحیح معنوں میں وطن کی آزادی کا جو تصّور مندرجہ بالا نظم میں پیش کیا گیا ہے۔ اس پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) ساحر کی شاعری کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے یہ بتائیے کہ وہ عوام اور خواص میں کیوں مقبول رہے۔ [25]

**3** Urdu Ké Tera Afsané

www.PapaCambridge.com

## اردو کے تیرہ افسانے

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

تارابائی کی آنکھیں تاروں ایسی روشن ہیں اور وہ گرد و پیش کی ہر چیز کو حیرت سے تکتی ہے۔ دراصل تارابائی کے چہرے پر آنکھیں ہی آنکھیں ہیں۔ وہ قحط کی سوکھی ماری لڑکی ہے جسے بیگم الماس خورشید عالم کے ہاں کام کرتے ہوئے صرف چند ماہ ہوئے ہیں اور وہ اپنی مالکن کے شاندار فلیٹ کے ساز و سامان کو آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتی رہتی ہے کہ ایسا عیش و عشرت اس سے پہلے کبھی خواب میں بھی نہ دیکھا تھا۔ وہ گورکھپور کے ایک گاؤں کی بال ودھوا ہے جس کے سُسر اور ماں باپ مرنے کے بعد اس کے ماما نے جو بمبئی میں دودھ والا بھیا ہے اسے یہاں بلا بھیجا تھا۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس سے افسانے کی ابتدا ہوتی ہے۔ افسانے میں آنے والے واقعات کے بارے میں اس اقتباس سے کیا تاثر ملتا ہے۔

(ii) واقعات کے حوالے سے الماس بیگم کے کردار پر تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) ’’ کوکھ جلی ‘‘ کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے بیدی کے اندازِ تحریر پر تبصرہ کیجئے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

## Section 2

**4** Umrao Jan Ada, Mirza Ruswa

### ۴۔امراؤجان ادا،مرزارسوا

(الف) امراؤجان ادااور بسم اللہ کے کرداروں کے درمیان بنیادی فرق کی وضاحت کیجئے۔

یا

(ب) ناول'' امراؤجان ادا ''کے تہذیبی اور سماجی پس منظر پر روشنی ڈالیے۔ [25]

**5** Aangan, Khadijah Mastoor

### ۵۔آنگن،خدیجہ مستور

(الف) '' آنگن '' میں ایک خاندان کے حوالے سے پورے ملک کے قومی اور معاشرتی مسائل کی عکاسی کی گئی ہے۔ اس بارے میں اپنے خیالات تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) واقعات کے حوالے سے'' بڑی چچی ''کے کردار پر تفصیلی تبصرہ کیجئے۔ [25]

**6** Anar Kali, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔انارکلی،امتیاز علی تاج

(الف) ڈرامہ انارکلی میں اکبر ایک ظالم باپ اور خودغرض انسان نظر آتا ہے۔بحث کیجئے

یا

(ب) ڈرامہ انارکلی میں '' ثریّا'' اور ''بختیار'' کے کردار بھی بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔واقعات کے حوالے سے تبصرہ کیجئے۔ [25]

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Questions 1–6 © Salim Akhtar; *Naya Urdu Nisaab*; Sang-e-Meel; 2003.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of